# ایام ہفتہ کا تعیّن اور انکی زیارات

سید ابن طاؤس جمال الاسبوع میں لکھتے ہیں کہ ابن بابویہ صقر ابن ابی دلف سے روایت کرتے ہیں کہ جب متوکل نے امام علی نقیؑ کو سامرا میں طلب کیا تو ایک روز میں وہاں گیا تا کہ امام سے ملاقات کا شرف حاصل کروں۔ اس وقت آپ متوکل کے نگہبان زراقی کے ہاں محبوس تھے، میں اسکے پاس پہنچا تو اس نے پوچھا کیسے آنا ہوا؟ میں نے کہا: آپکی ملاقات کیلئے آیا ہوں، میں وہاں بیٹھا رہا اور ادھر اُدھر کی باتیں ہوتی رہیں۔ پھر جب عام لوگ چلے گئے اور تنہائی ہوئی تو اس نے مجھ سے دوبارہ پوچھا: کیسے آئے ہو؟ میں نے کہا: آپکی ملاقات کو آیا ہوں! اس نے کہا: گویا تم اپنے مولاؑ کی خبر لینے آئے ہو، میں نے ڈرتے ڈرتے کہا: میرا مولا تو خلیفہ ہی ہے۔ وہ زور دے کر کہنے لگا: خاموش رہو کہ تمہارے مولا برحق ہیں اور خود میں بھی انہی کا معتقد ہوں۔ میں نے کہا: **اَلْـحَـمْـدُ لِلّٰهِ!** وہ بولا: آیا تم اپنے مولاؑ کی خدمت میں حاضر ہونا چاہتے ہو؟ میں نے کہا: ہاں! اس نے کہا: تھوڑی دیر بیٹھو کہ ہرکارہ یہاں سے ہو کر چلا جائے چنانچہ جب ہرکارہ سرکاری ڈاک دے کر چلا گیا تو اس نے ایک لڑکے کو میرے ساتھ کر دیا کہ وہ مجھے امام کی خدمت میں لے جائے۔ جب میں مولاؑ کے پاس پہنچا تو کیا دیکھا کہ آپ چٹائی پر تشریف فرما ہیں اور برابر میں قبر موجود ہے۔ میں نے سلام کیا آپ نے جوابِ سلام دیا اور فرمایا کہ بیٹھ جاؤ! پھر پوچھا کہ کیوں آئے ہو؟ عرض کی کہ آپکی خیریت معلوم کرنے آیا ہوں۔ جب میری نظر اس قبر پر پڑی تو میں اپنا گریہ ضبط نہ کر سکا، آپ نے فرمایا کہ گریہ نہ کرو اس وقت مجھے ان سے کوئی مصیبت نہ پہنچے گی، میں نے کہا: **اَلْـحَـمْـدُ لِلّٰهِ!** میں نے عرض کی: اے میرے سید و سردار! حضرت رسولؐ کی حدیث ہے، جسکا مطلب میں سمجھ نہیں سکا۔ فرمایا کونسی حدیث ہے؟ میں نے عرض کی۔ **لا تعادو الایام فتعا دیکم** یعنی دنوں سے دشمنی نہ کرو ورنہ وہ تمہارے دشمن ہو جائیں گے۔ فرمایا کہ جب تک زمین وآسمان قائم ہیں، اس میں ایام سے مراد ہم ہیں۔

**ہفتہ:** حضرت رسولؐ اور آپکے اسم گرامی سے متعلق ہے۔

**اتوار:** امیر المومنینؑ کا نام نامی ہے۔ (آپ کے اسم گرامی سے متعلق ہے)

**پیر:** حسن و حسین ☆ کا نام ہے۔ (انکے اسماء گرامی سے متعلق ہے)

**منگل:** علیؑ بن الحسینؑ، محمدؑ ابن علیؑ اور جعفرؑ ابن محمدؑ کا نام ہے۔(انکے اسماء گرامی سے متعلق ہے)

**بدھ:** موسیٰؑ ابن جعفرؑ، علیؑ ابن موسیٰؑ، محمدؑ ابن علیؑ کا اور میرا نام ہے۔(انکے اسماء گرامی سے متعلق ہے)

**جمعرات:** اس سے مراد میرا فرزند حسن عسکریؑ ہے۔(یعنی انکے اسم گرامی سے متعلق ہے)

**جمعہ:** اس سے مراد میرے فرزند حسن عسکریؑ کا وہ بیٹا ہے جسکے ہاں تمام اہل حق جمع ہوں گے۔

یہ ہیں ایام کے معنی پس ان سے دنیا میں دشمنی نہ کرو، ورنہ آخرت میں یہ تمہارے دشمن ہوں گے۔ پھر فرمایا کہ الوداع کر کے چلے جاؤ کیونکہ میں تمہارے بارے میں مطمئن نہیں ہوں اور ڈرتا ہوں کہ تمہیں اذیت نہ پہنچے سید نے یہ حدیث ایک دوسری سند کیساتھ قطب راوندی سے بھی نقل کی ہے اسکے بعد فرمایا کہ روز شنبہ (ہفتہ) میں حضرت رسول اکرمؐ کی زیارت یہ ہے۔